# خلاصہ خطبہ جمعہ 24 مارچ 2023ء بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

**تشہد، تعوذ، تسمیہ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سورۃ جمعہ کی آیات 3 اور 4 کی تلاوت فرمائی۔**

ترجمہ:

وہی ہے جس نے امی لوگوں میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا۔ وہ اُن پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی کھلی گمراہی میں تھے۔ اور انہی میں سے دوسروں کی طرف بھی (اسے مبعوث کیا ہے) جو ابھی اُن سے نہیں ملے۔ وہ کامل غلبہ والا (اور) صاحب حکمت ہے۔

فرمایا 23 مارچ کا دن جماعت میں یوم مسیح موعود کے نام سے جانا جاتا ہے، 23 مارچ 1889ء کو لدھیانہ میں آپ نے مخلصین سے پہلی بیعت لی، سورۃ جمعہ کی ان آیات میں آنحضرت ﷺ کے غلام صادق کے آنے اور ان کے ذریعہ ایک جماعت کے قیام کی پیشگوئی ہے۔ حضرت مسیح موعودؑ نے اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے خود کو اس کا مصداق ٹھہرایا۔ پھر آپ کے حق میں دوسرے نشان بھی وقوع پذیر ہوئے۔ چاند اور سورج گرہن ہونا، ذوالسنین (دُمدار ستارہ) طاعون کا پھیلنا، حج سے روکے جانا، ملک میں ریل کا تیار ہونا، اونٹوں کا بیکار ہونا یہ سب آنحضرت ﷺ کے معجزات تھے جو اس زمانہ میں وقوع پذیر ہوئے، سورۃ جمعہ کی ان آیات میں اسی لئے خدا تعالیٰ نے اس آنے والی دوسری جماعت کو مِنْهُمْ کہا، وہ صحابہ کی مانند ہیں ان کی سیرت کی طرح اعمال کرتے ہیں، اور وَّاٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ کے تحت آنیوالی تمام خوبیوں پر پورے اترنے والے ہیں۔ پھر اس جماعت کا امام بھی ظلی طور پر آنحضرت ﷺ سے مشابہت رکھتا ہے۔

آپ علیہ السلام نے اس آیت کے تحت خود کے نبی ہونے کے دلائل بیان فرمائے، زمانہ کی تاریکی میں خدا تعالیٰ نے آپ کو تبلیغ حق اور اصلاح کے لئے مامور کیا، چودھویں صدی کے آغاز پر خدا سے نشان پاکر آپ نے لوگوں میں اس کا اعلان کیا کہ وہ میں ہی ہوں جو اسلام کو واپس زمین پر لائے، جس کی بشارت آپ ﷺ نے دی تھی وہ میں ہی ہوں، اور اس قدر آپ پر مکاشفات و

الہامات ہوئے کہ شک کی کوئی گنجائش باقی نہ رہی۔ آپ کا آنا خدا کی طرف سے تھا، آپ خدا کے حکم سے کھڑے ہوئے اور خدا ہر قدم پر آپ کے ساتھ تھا، آپ چودھویں صدی کے سر پر تکمیلِ نور کے لئے بھیجے گئے تھے، آپ کی تائید میں خسوف وکسوف کے نشان ہوئے اور کئی نشان بھی دکھلائے گئے۔

پھر آپؑ کو سلسلہ کی ترقیات کی قبل از وقت اطلاع دی گئی۔ براہین احمدیہ میں بیان فرمایا کہ لوگ اس سلسلہ کو مٹانے کی کوشش کریں گے لیکن خدا کہتا ہے کہ وہ اس سلسلہ کو بڑھائے گا اور قیامت تک بڑھاتا چلا جائے گا۔ پھر آپ کو علمی نشانات بھی دیئے گئے، سوامی شوکن چندر نے ایک مذہبی جلسہ کا انعقاد کیا جس میں آپ نے خدا کی تائید سے، خدائی قوت کے ساتھ ایک مضمون لکھا، جب مضمون لکھ لیا تو الہام ہوا کہ "مضمون بالا رہا۔ جلسہ میں جب مضمون پڑھا گیا تو وہاں بھی صدر مجلس کے منہ سے بے اختیار نکلا کہ مضمون بالا رہا، اور آج تک بھی لوگ اس مضمون کو پڑھتے ہیں تو یہی کہتے ہیں کہ واقعتا مضمون بالا رہا۔

براہین احمدیہ میں ایک اور نشان درج ہے کہ آپ کو فصاحت وبلاغت عطا کی گئی آج تک کوئی بھی آپ کی تحریرات کا مقابلہ نہیں کر سکا۔ پھر دعا کا نشان ہے۔ ایک بچہ کو دیوانہ کتے نے کاٹ لیا اس کا علاج کروایا گیا لیکن اس میں پھر سے بیماری ظاہر ہو گئی، کسولی کے ڈاکٹرز نے جواب دیدیا، پھر سخت بیقراری اور اضطراری سے دعا کی گئی تو اس کی طبیعت نے صحت کی طرف رخ کیا تو وہ جو پانی سے ڈرتا تھا پانی سے وضو کر کے نماز پڑھنے لگا اور سکون میں آگیا۔ یہ دیوانگی اس کو تکلیف میں ڈالنے کے لئے نہ تھی بلکہ آپ سے نشان دکھلانے کے لئے تھی۔ پھر ڈاکٹر ڈوئی کے نشان کا ذکر ہے، مولوی غلام دستگیر کے یک طرفہ مباہلہ کا ذکر کیا جس سے وہ خود ہی ہلاک ہو گیا۔ چراغ دین جموں بھی اسی طرح خود سے کئے گئے مباہلہ سے اپنے دو بچوں سمیت طاعون سے ہلاک ہو گیا۔ مخالفین جو الزامات آپ پر لگاتے ہیں تو اس میں کیا حکمت ہے کہ اگر وہ سب الزام سچے ہوں تو پھر کیوں خدا ان کی تائید کر رہا ہے اور ان کے مقابل پر آنیوالا ہر فرشتہ صفت انسان ہلاک ہو رہا ہے۔ اس سے تو آپ کی سچائی ثابت ہوتی ہے۔

کاش کے مخالفین آپ کی کتب پڑھیں اور آپ سے ثابت شدہ نشانات کو دیکھیں، زمانہ کی ضرورت سمجھیں۔ آسمانی نشانیاں، آنحضرت ﷺ کی پیشگوئیاں پوری ہوئیں، اگر آج بھی مسلمان اس چیز کو سمجھ جائیں اور آپ پر ایمان لے آئیں تو مسلمان دنیا میں اپنی برتری منوا سکتے ہیں ورنہ یہی ان کا حال رہنا ہے۔ رمضان کے مہینہ میں جہاں احمدی خود کے لئے ابتلاؤں سے بچنے کی دعائیں کریں وہاں مسلم امہ کے لئے بھی دعا کریں۔ جہاں جہاں جماعت کو مشکلات در پیش ہیں ان سب کے لئے دعا کریں، دنیائے احمدیت کے لئے دعا کریں کہ اللہ ہر شر سے تمام احمدیوں کو محفوظ رکھے، اور ثبات قدم عطا فرمائے، اور ایمان میں

Bait-us-Salam: Brusselstraat 445, 1700 Sint-Ulriks-Kapelle
Tel: 0032 (2) 466 68 56 Fax: 0032 (2) 466 43 89

بڑھائے۔ دنیا کی تباہی سے بچنے کے لئے بھی دعا کریں خدا کو چھوڑ کر اس کے غضب کو بھڑ کانے والے نہ ہوں، خدا تعالیٰ ہر قسم کے آفات سے بچاتے ہوئے اپنی حفاظت اور پناہ میں لے لے۔ (آمین) ۲۳

آخر میں فرمایا 23 مارچ سے ہفت روزہ الفضل اب روزنامہ الفضل میں بدل گیا ہے، اردو جانے والے لوگ اسے زیادہ سے زیادہ پڑھیں اور اللہ اس کے لئے مضامین لکھنے والوں کو بھی بہترین مضامین لکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

## خطبہ ثانیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَن يَّهْدِهِ اللهُ فَلاَ مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلاَ هَادِىَ لَهُ ۞وَاَشْهَدُ أَنْ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۞ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُه۞عِبَادَاللهِ رَحِمَكُمُ اللهُ۞اِنَّ اللهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِى الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۞ اذْكُرُوا اللهَ يَذْكُرْ كُمْ وَادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللهِ اَكْبَرُ ۞